الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Asif Gul**	Serial No : **25194**	MODE: **Regular**
Address : **Karachi**	Date : **3/6/2015**	
Subject : **Khula**	Contact No:	
Writer : حنیف اللہ	Email :	

mera sawal ye he k, khula hone ki surat me larki ktne din iddat me guzaregi or iddat me kese betha jaye, kya iddat k doran chole ya kitchen me ja sakti he or is me kya kya ahtiyatiyan hen?

خلع ہونے کی صورت میں لڑکی کتنے دن عدت کے گزارے گی اور عدت میں کیسے بیٹھا جائے، کیا عدت کے دوران کچن میں جا سکتی ہے اور اس کیلئے کیا کیا احتیاطیں ہیں، آگاہ فرمادیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

اگرچہ شرعی طور پر خلع درست ہونے کی صورت میں عدت وہی ہوتی ہے جو شرعاً طلاق کی صورت میں ہوتی ہے؟ اور اس دوران عورت کچن میں جا سکتی ہے البتہ زیب و زینت نہ کرے اور بلا ضرورت گھر سے نہ نکلے مگر سائل کو چاہیئے کہ پہلے اس خلع کی وضاحت کرے کہ آیا فریقین کی باہمی رضامندی سے خلع واقع ہوا ہے یا عدالتی خلع ہے اگر عدالتی خلع ہو تو یکطرفہ ہے یا دونوں کی رضامندی سے طے ہوا۔ اس کی کاپی بھی ارسال کرے تاکہ اس کو دیکھ کر حکم شرعی اور اس کے بعد کے مسائل (عدت وغیرہ) بیان کئے جا سکیں۔

کما فی الہدایۃ: اذا طلق الرجل امرأتہ طلاقا بائنا او رجعیا أو وقعت الفرقۃ بینھما بغیر طلاق وھی حرۃ ممن تحیض فعدتھا ثلثۃ اقراء الخ (۲/۴۲۸)

وفیہ ایضاً: علی المبتوتۃ (الیٰ قولہ) الحداد فی عدتھا کذا فی الکافی والحداد الاجتناب عن الطیب والدھن والکحل والحناء والخضاب ولبس المطیب والمعصفر والثوب الأحمر الخ (۲/۵۵۸) واللہ اعلم

حنیف اللہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
۸ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۸ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دارالافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۸ محرم ۱۴۳۷

دارالافتاء ۲۵۱۹۴ ۱۷/۱/۱۴۳۷ھ

31/10/15